نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کا ''جڑی بوٹیاں مار مکاؤ۔ پیداوار ودھاؤ'' مہم شروع کرنے کا اعلان، ماہرین نے اس اقدام کو سالڈ آف سیزن مینجمنٹ قرار دے دیا

چھ روزہ مہم میں محکمہ زراعت کے تمام ملازمین شریک ہوں گے، مہم 20 سے 25 فروری تک مہم جاری رہے گی

کسان کی چاندی کو سونا بنانا ہماری ذمہ داری ہے: سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور 9 جنوری 2017 ( ) محکمہ زراعت پنجاب نے آف سیزن مینجمنٹ فارمولے پر سو فیصد عمل درآمد یقینی بناتے ہوئے اس کے اہم ترین حصے پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کے مطابق چھ روزہ ''جڑی بوٹیاں مار مکاؤ۔ پیداوار ودھاؤ'' مہم شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ زرعی ماہرین اور محققین نے اس اقدام کو سالڈ آف سیزن مینجمنٹ قرار دیا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود کی زیر صدارت گذشتہ روز اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں فیصلہ کیا گیا کہ کپاس کو نقصان پہنچانے والی جڑی بوٹیوں کو تلف کرنے کے لیے 20 سے 25 فروری تک مہم چلائی جائے گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا کہ گردش لیل ونہار سے بے خبر کسان سارا سال محنت کرتا ہے اگر ہم صرف چھ دن اس گردش لیل ونہار سے بے خبر ہو کر کسان کے شانہ بشانہ چلیں تو اس کی کئی سال کی محنت کا پھل مل جائے گا۔ اس مہم میں محکمہ زراعت کے تمام ملازمین کی عملی شرکت دیکھنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ان جڑی بوٹیوں کو تلف کرنا دراصل چاندی میں آنے والی کھوٹ کو تلف کرنا ہے۔ کپاس ہماری چاندی ہے اور ہم چاندی کو سونے اور سونے کو کندن میں تبدیل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کے ملازمین اس مہم میں توانا جذبہ سے حصہ لیں تو کسان کو جذبہ بھی توانا ہو جائے گا، یہ مہم کسان کو احساس دلائے گی کہ چاندی پیدا کرنے کے اس عمل میں وہ تنہا نہیں بلکہ محکمہ زراعت اس کی کپاس کا پہرہ دار ہے۔

☆☆☆☆